**15.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......عبدالواحد

**Music**

---

☆ انتخابی کمیشن نے چارریاستوں اورمرکز کے زیرانتظام ایک علاقے کے اسمبلی چناؤ کی تاریخوں کااعلان کردیا ہے۔
☆ آسام، کیرلم اور پڈوچیری میں 9اپریل کو ایک ہی مرحلے میں اور تمل ناڈو میں 23تاریخ کو ووٹنگ کرائی جائے گی۔
☆ مغربی بنگال میں اگلے مہینے 23اور 29تاریخ کو دو مرحلوں میں ووٹنگ کرائی جائے گی۔
☆ انتخابی کمیشن نے 6ریاستوں میں 8حلقوں کیلئے اسمبلی چناؤ کی تاریخوں کا اعلان کردیا ہے۔
☆ ووٹوں کی گنتی 4مئی کو کرائی جائے گی۔
☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ، ایران کے ساتھ کسی سمجھوتے کیلئے تیار نہیں ہے۔ امریکہ اور اسرائیل نے ایران پر تازہ حملے کئے ہیں۔
☆ اور مکّے بازی میں بھارت نے بینکاک میں ورلڈ فیوچرس کپ میں سونے کے ایک تمغے سمیت پانچ تمغے جیت کر اپنی کارکردگی مکمل کی۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**EC Assembly Election**

انتخابی کمیشن نے آج اعلان کیا کہ آسام، کیرلم، پڈوچیری اور تمل ناڈو میں اسمبلی انتخابات کیلئے ایک ہی مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے، جبکہ مغربی بنگال میں دو مرحلوں میں پولنگ ہو گی۔ نئی دلّی میں انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرتے ہوئے اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے کہا کہ آسام، کیرلم اور پڈوچیری میں ووٹنگ 9اپریل کو ہوگی، جبکہ تمل ناڈو میں 23اپریل کو پولنگ ہوگی۔

مغربی بنگال میں دو مرحلوں میں 23اور 29اپریل کو انتخابات کرائے جائیں گے۔ پہلے مرحلے میں ریاست کی 152اسمبلی سیٹیں شامل ہوں گی جبکہ دوسرے مرحلے میں 142سیٹوں پر ووٹنگ ہوگی۔ چاروں ریاستوں اور مرکز کے زیر زیر انتظام ایک علاقے کے ووٹوں کی گنتی 4مئی کو ہوگی۔

آسام، کیرلم اور پڈوچیری کے اسمبلی انتخابات کے لیے نوٹیفکیشن کل جاری کیا جائے گا۔ تمل ناڈو اور مغربی

بنگال میں پہلے مرحلے کی اسمبلی ووٹنگ کے لیے نوٹیفکیشن 30مارچ کو جاری ہوگا، جبکہ مغربی بنگال میں دوسرے مرحلے کی پولنگ کے لیے نوٹیفکیشن 2اپریل کو جاری کیا جائے گا۔

جناب کمار نے کہا کہ انتخابات کی تاریخوں کے اعلان کے ساتھ ہی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں مثالی ضابطۂ عمل فوری طور پر نافذ ہوگیا ہے۔

**S/B: Gyanesh Kumar- Model Code of..**

جناب کمار نے کہا کہ ان پانچ اسمبلیوں کے انتخابات میں تقریباً 17 کروڑ سے زیادہ اہل رائے دہندگان ہیں جو مجموعی طور پر 824اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہیں۔

ان میں مغربی بنگال میں 6 کروڑ سے زیادہ رائے دہندگان، تمل ناڈو میں تقریباً 6 کروڑ، کیرلم میں تقریباً 3 کروڑ، آسام میں 2 کروڑ سے زیادہ اور پڈوچیری میں 9لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان شامل ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ دو لاکھ سے زیادہ پولنگ اسٹیشن قائم کیے جائیں گے اور تقریباً 25لاکھ چناؤ اہلکار ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں تعینات کیے جائیں گے۔

**S/B: Gyanesh Kumar- Polling Stat...**

اعلیٰ انتخابی کمشنر نے کہا کہ ہر پولنگ اسٹیشن پر کم سے کم بنیادی سہولیات جیسے پینے کا پانی، بیت الخلا اور سائن بورڈ مہیا کرانے کیلئے ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چناؤ کمیشن نے حال ہی میں انتخابی عمل کو زیادہ شفاف بنانے کے لیے 30نئے اقدامات متعارف کرائے ہیں۔

جناب کمار نے مزید کہا کہ ہر پولنگ اسٹیشن پر زیادہ سے زیادہ ایک ہزار 200ووٹرز ہوں گے اور 100 فیصد ویب کاسٹنگ کے ذریعے پولنگ کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے گا۔

اعلیٰ انتخابی کمشنر نے بتایا کہ 294رکنی مغربی بنگال قانون ساز اسمبلی کی مدتِ کار 7مئی کو ختم ہو رہی ہے۔ 126رکنی آسام اسمبلی کی مدتِ کار 20مئی کو جبکہ 140رکنی کیرلم اسمبلی کی مدتِ کار 23مئی کو ختم ہوگی۔

اسی طرح 234رکنی تمل ناڈو اسمبلی کی مدتِ کار 10مئی کو ختم ہوگی، جبکہ 30رکنی پڈوچیری اسمبلی اپنی مدتِ کار 15جون کو مکمل کرے گی۔

اعلیٰ انتخابی کمشنر نے کہا کہ گزشتہ چند دنوں میں چناؤ کمیشن نے چناؤ والی تمام ریاستوں کا دورہ کیا تاکہ آنے والے اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لیا جا سکے۔

ان دوروں کے دوران کمیشن نے تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں سے ملاقات کی اور ان کی تجاویز حاصل کیں۔ اس کے علاوہ چیف الیکٹورل آفیسرز، چیف سیکریٹریز اور ڈائریکٹر جنرل آف پولیس کے ساتھ بھی میٹنگیں کی گئیں۔

انہوں نے کہا کہ انتخابات صرف جمہوری عمل ہی نہیں بلکہ یہ بھارت کی مالا مال ثقافت کو بھی ظاہر کرتے ہیں اور ملک کی کثرت میں وحدت کی عکاسی کرتے ہیں۔

ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی SIR کے بارے میں بات کرتے ہوئے جناب کمار نے کہا کہ درست اور شفاف ووٹر فہرستیں کسی بھی جمہوریت کی بنیاد ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے تحت یہ عمل آئین کی دفعہ 326کے تحت کیا جا رہا ہے تاکہ کوئی بھی اہل ووٹر فہرست سے خارج نہ رہے اور کوئی نااہل شخص ووٹر فہرست میں

شامل نہ ہو۔جناب کمار نے نوجوانوں اور پہلی بار ووٹ ڈالنے والے رائے دہندگان سے بھی اپیل کی کہ وہ اس عظیم جمہوری عمل میں جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیں اور فخر، ذمہ داری اور اعتماد کے ساتھ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت میں انتخابات یقینا جمہوریت کے تہوار جیسا ہے۔x

## EC By Polls

چناؤ کمیشن نے چھ ریاستوں میں آٹھ اسمبلی سیٹوں کے ضمنی انتخابات کا بھی اعلان کیا ہے۔ اِن میں گوا کی Ponda سیٹ، گجرات کی Umreth، کرناٹک کی باگل کوٹ اور Davanagere جنوب، مہاراشٹر کی Rahuri اور Baramati، ناگالینڈ کی Koridang اور تریپورہ کی دھرم نگر سیٹ شامل ہیں۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس کے دوران اعلیٰ چناؤ کمشنر گیانیش کمار نے کہا کہ گوا، کرناٹک، ناگالینڈ اور تریپورہ میں ضمنی چناؤ کیلئے نوٹیفکیشن، کل جاری کیا جائے گا اور پولنگ 9اپریل کو ہوگی۔ گجرات اور مہاراشٹر میں ضمنی چناؤ کیلئے نوٹیفکیشن، اِس مہینے کی 30 تاریخ کو جاری کیا جائے گا اور 23اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ووٹوں کی گنتی 4مئی کو کی جائے گی۔

**S/B: Gyanesh Kumar- Bypolls**

## PM Letter Birla

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آج کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کا، پارلیمنٹ کی بنیادی نوعیت میں گہرا یقین ہے نیز ضابطوں، طریقِ کار اور ملک کی پارلیمانی جمہوریت میں، اُن کا پختہ یقین ہے۔ جناب برلا نے یہ بیان، وزیر اعظم نریندر مودی کی طرف سے اُنھیں لکھے گئے ایک خط کے جواب میں دیا۔ لوک سبھا کے اسپیکر نے کہا کہ وزیر اعظم کے خط میں اُن عوامی خدمات کی اعلیٰ ترین اخلاقی اقدار کا ذکر کیا گیا ہے جو جناب مودی نے اپنی طویل عوامی زندگی میں اختیار کیں۔x

## Jitendra Singh Conference

سائنس وٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج کہا ہے کہ جنگی ہتھیاروں میں ٹیکنالوجی کا استعمال دن بہ دن بڑھتا جارہا ہے اور جدید ترین ٹیکنالوجی نیز دفاعی تیاری، قومی سلامتی کے میدان میں ایک فیصلہ کن رول ادا کر رہی ہے۔ وزیر موصوف نئی دلّی میں متبادل میڈیا سے متعلق کانفرنس میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ خلا، نیوکلیائی توانائی، مصنوعی ذہانت اور جدید ترین سائنسی تحقیق جیسے شعبے، ملک کے مستقبل کے سلامتی سے متعلق تانے بانے اور ملک کی ترقی میں فیصلہ کن رول ادا کریں گے۔x

## Petroleum Ministry Statement

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے آج کہا ہے کہ پورے ملک سے ایسی کوئی خبرنہیں ملی ہے کہ

LPG کی دکانوں سے گیس سپلائی بند ہوگئی ہے۔ وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ LPG بکنگ میں کمی آئی ہے۔ کُل تقریباً 77لاکھ بکنگس کی گئیں جبکہ اِس مہینے کی 13 تاریخ کو 88لاکھ بکنگس کی گئی تھیں۔ وزارت نے یہ بھی کہا کہ بہار، دلّی، ہریانہ اور راجستھان سمیت بہت سی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں نے، سرکاری رہنما خطوط کے مطابق غیر گھریلو LPG کی تخصیص کے احکامات جاری کئے ہیں۔

وزارت نے بتایا کہ کمرشل LPG سلنڈرس بھی ریاستی سرکاروں کیلئے دیئے گئے ہیں تاکہ اِنھیں ترجیحی بنیاد پر تقسیم کیا جاسکے اور یہ 30ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں صارفین کیلئے دستیاب ہیں۔x

## Padma Awards

حکومت نے 2027کے پدم ایوارڈز کیلئے نامزدگیاں اور سفارشات طلب کی ہیں۔ وزارتِ داخلہ نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ پدم ایوارڈز کا اعلان اگلے سال یومِ جمہوریہ کے موقع پر کیا جائے گا۔ اِن نامزدگیوں کی آخری تاریخ 31جولائی ہے۔پدم ایوارڈز کیلئے یہ نامزدگیاں اور سفارشات راشٹرپتی پرسکار پورٹل کے ذریعے صرف آن لائن موصول کی جائیں گی۔وزارت نے کہا کہ ذات پات، پیشے، حیثیت اور جنس سے قطع نظر سبھی افراد اِن ایوارڈز کے اہل ہوتے ہیں۔ وزارت نے کہا کہ ڈاکٹروں اور سائنسدانوں کو چھوڑ کر، سرکاری شعبے کے یونٹوں میں کام کرنے والے افراد اور سرکاری ملازمین پدم ایوارڈز کے اہل نہیں ہوتے ہیں۔x

## Jaishankar UAE Saudi

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کَل رات سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان اور متحدہ عرب امارات کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ شیخ عبداللہ بن زائد النہیان سے بات چیت کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ یہ بات چیت مغربی ایشیا کے تنازع سے متعلق حالیہ واقعات اور خطے کی صورتحال کے مختلف پہلوؤں پر کی گئی۔x

## West Asia Conflict

مغربی ایشیا کی جنگ کا آج سولھواں دن ہے اور اِس میں ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملوں کی وجہ سے مزید شدت آ گئی ہے۔ ایران کے صنعتی شہر اسفہان پر آج صبح 15سے زیادہ میزائل حملے کئے گئے۔ ایک میزائل ایک فیکٹری پر گِرا جس میں کم سے کم 15افراد ہلاک ہوگئے۔

سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی نے جواب میں اسرائیل پر بھی تازہ میزائل حملے کئے ہیں۔ 54ویں مرتبہ یہ حملے بقول ایران، آپریشن True Promise 4 کے تحت کئے گئے۔

ایرانی افسران نے بتایا کہ اِن حملوں میں جنگ شروع ہونے کے بعد سے اب تک پہلی بار ٹھوس ایندھن والے سجّیل اور خُرّم شہر، خیبر شِکن، قدر اور عماد میزائل کا استعمال کیا گیا۔

اسی دوران، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ، ایران کے ساتھ کسی سمجھوتے کیلئے تیار نہیں

ہے۔ انھوں نے کہا کہ موجودہ حالات، امریکہ کیلئے قابل قبول نہیں ہیں۔ انھوں نے خبردار کیا کہ خارگ جزیرے میں ایران کے تیل درآمدات کے اہم ترین مرکز پر مزید حملے کئے جاسکتے ہیں۔

دوسری طرف ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے کہا کہ آبنائے ہرمز محض امریکی اور اسرائیلی جہازوں کیلئے بند ہے۔ اگرچہ اِس آبی گزرگاہ سے کمرشل جہازوں کی آمدروفت میں تیزی سے کمی آئی ہے کیونکہ کمپنیاں، کسی خطرے کے سبب آبنائے ہرمز سے گریز کر رہی ہیں۔

اسی دوران، ابوظبی میں بھارتی سفارتخانے نے دبئی، شارجہ اور ابوظبی سے چلنے والی پروازوں کے سلسلے میں تازہ ہدایات جاری کی ہیں۔x

## Ukraine Peace Talks

یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلینسکی نے کہا ہے کہ وہ روس اور امریکہ کے ساتھ اگلے دور کے سہ فریقی امن مذاکرات کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب یہ فیصلہ امریکہ اور روس کو کرنا ہے کہ میٹنگ کب اور کہاں ہوگی۔

جناب زیلنسکی نے کہا کہ امریکہ نے اپنے نمائندے اسٹیو وٹکوف اور **Jared Kushner** سمیت امریکہ، یوکرین اور روس کی مذاکرات کار ٹیموں پر مشتمل اگلے دور کے مذاکرات کی میزبانی کی تجویز پیش کی تھی، لیکن ماسکو نے اپنا وفد بھیجنے سے انکار کر دیا۔اس دوران امریکہ نے مغربی ایشیا میں جاری تنازع کے سبب دونوں فریقوں کے درمیان مذاکرات کو فی الحال ملتوی کر دیا ہے۔x

## Russia Ukraine Attack

روس نے، یوکرین کے، اپنی راجدھانی ماسکو کی طرف، بڑھتے ہوئے **28** ڈرونز کو آج صبح مار گرایا۔ ماسکو کے میئر سرگئی **Sobyanin** نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اِس کی جانکاری دی۔ تاہم میئر نے اس واقعے کے کسی جانی یا مالی نقصان کے بارے میں کوئی تفصیل نہیں بتائی۔x

## Boxing

بینکاک میں عالمی مکّے بازی **Futures** کپ میں بھارت نے اپنی کارکردگی، پانچ تمغے جیت کر مکمل کی، جن میں ایک سونے، تین چاندی اور ایک کانسے کا تمغہ شامل ہے۔ یوتھ اولمپک کے وزن والے زمرے میں، **19** سال تک کے مردوں اور خواتین کی بھارتی ٹیموں نے زبردست کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

آج آخری دن بھارت نے ایک سونے اور تین چاندی کے تمغے حاصل کئے۔ چندریکا پجاری نے خواتین کے **51** کلو گرام زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا۔ انھوں نے ازبکستان کی **Mardonova Nazokat** پر پانچ—صفر سے زبردست فتح حاصل کی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆